Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 8 Short Questions Test

Q1. معاشرتی ضبط کے دو طریقے تحریر کریں.

Ans 1: 1.والدین کو یہ تربیت دینا ضروری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو معاشرتہ معمولات کی سختی سے تربیت دیں. 2.یتیم خانوں اور لاوارث بچوں کو دیکھ بھال کے اداروں میں اضافہ ہونا چاہئے،اور جو موجود ہیں ان کے معیار کو بلند کرنا چاہیے.

Q2. منصب سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: منصب وہ نمایاں مقام ہے جو معاشرہ کسی فرد کو اس کی گروہی زندگی عطا کرتا ہے.منصب اصل میں حقوق و فرائض کے مجموعے کا نام ہے.

Q3. بلوچی ثقافت میں مہمان کی اہمیت کیا ہے؟

Ans 1: بلوچوں میں مہمان کی بہت زیادہ اہمیت ہے.مہمان نوازی مقدس فریضہ سمجھا جاتا ہے،یہاں تک کہ کوئی بڑا دشمن بھیآجائے تو اس کی خدمت کی جاتی ہے.

Q4. سدھنائی کس دریا کا نام ہے؟

Ans 1: سدھنائی دریائے سندہ کا پرانا نام ہے.

Q5. بے راہ روی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرتی نظم و ضبط اور معاشرتی ضابطوں سے بغاوت بے راہ روی کہلاتی ہے.

Q6. ثانوی پیشے کی تعریف لکھیں.

Ans 1: معاشی سرگرمیوں کی ایسی قوم جو کسی حد تک غیر پیداواری ہوں،اور ان سرگرمیوں سے جڑے افراد کی معاشی و سماجی سرگرمیوں کا انحصار کاشتکاروں پر ہو.

Q7. سماجی ضبط کی تعریف کریں.

Ans 1: سماجی ضبط سے مراد افراد اور ان کے کردار کو خاص ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے کنٹرول کرتا ہے.

Q8. معاشرتی ضبط سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرتی ضبط سے مراد افراد اور ان کے کردار کو خاص ذرئع بروئے کار لاتے ہوئے کنٹرول کرنا ہے.

Q9. انحراف سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: فرد کا ایسا کردار جو کسی معاشرہ یا گروہ کے معمولات کی خلاف ورزی ہو معاشرتی انحراف ہے.

Q10. معاشی ادارے کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسی سرگرمیاں جو مال کی پیداوار،تقسیم،مصرف،معاشرہ میں دولت اور کام کی تقسیم سے متعلق رکھتے ہیں،معاشی ادارے کہلاتے ہیں.
